اردو | Urdu

بجلی کا خرچ بچائیں اور ماحول کے تحفظ میں مدد دیں

Victorian Energy Upgrades (VEU) پروگرام سے آپ کو کم بجلی استعمال کرنے والی مصنوعات رعایتی قیمت پر مل سکتی ہیں اور آپ کا بجلی کا بل کم ہو سکتا ہے۔

Victorian Energy Efficiency Target (وکٹوریہ میں بجلی بچانے کا ہدف) سکیم کی طرف سے صارفین کے لیے معلومات

VEU وکٹورین حکومت کی طرف سے لوگوں کے لیے اپنی مرضی سے قبول کیا جانے والا اقدام ہے جس سے وکٹوریہ کے لوگوں کو اپنے گھروں اور کاروباروں میں بجلی کی بچت کی خاطر تبدیلیوں کے لیے حوصلہ افزائی ملتی ہے۔ اس سے بجلی کے بل اور ماحول کے لیے مضر گیسوں کے اخراج میں کمی آتی ہے۔

اہلیت

وکٹوریہ کا ہر گھر اور کاروبار اس پروگرام میں حصہ لے سکتا ہے اور بجلی بچانے والی مصنوعات اور خدمات رعایتی قیمت پر حاصل کر سکتا ہے۔ **آپ کی شرکت آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔**

اس پروگرام میں شریک ہونا آسان ہے

مرحلہ 1۔ دستیاب مصنوعات پر غور کریں۔

مرحلہ 2۔ وہ مصنوعات چنیں جو آپ بجلی کا خرچ کم کرنے کے لیے لگوانا چاہتے ہیں۔

مرحلہ 3۔ سندیافتہ پرووائیڈر کو استعمال کریں۔ آپ کو ایسے سندیافتہ پرووائیڈر کو استعمال کرنا ہو گا جسے VEU کی بجلی بچانے والی مصنوعات لگانے کے لیے منظوری حاصل ہو۔ سندیافتہ پرووائیڈرز آپکی چنی ہوئی مصنوعات پر رعایت یا ریبیٹ کا انتظام کرنے کے لیے بھی ذمہ دار ہیں۔ وہ آپ کو بتائیں گے کہ:

- آپ کونسی مصنوعات استعمال کر سکتے ہیں
- آپ کی چنی ہوئی مصنوعات کو کون لگا سکتا ہے۔

دستیاب مصنوعات یا سندیافتہ پرووائیڈر تلاش کرنے کے لیے

(03) 9032 1310 پر VEU ہیلپ ڈیسک کو کال کریں

براہ مہربانی انرجی اپ گریڈ کے متعلق معلومات کے لیے 1 دبائیں۔ جب اس آپشن پر کال کنیکٹ ہونے کی آواز سنائی دے تو 0 دبائیں۔

کیا آپ بہرے ہیں یا آپ کو سننے یا بولنے کے مسائل ہیں؟

براہ مہربانی 133 677 پر کال کر کے یا www.relayservice.gov.au پر جا کر نیشنل ریلے سروس سے رابطہ کریں

VICTORIA State Government

Victorian Energy Upgrades

VEU کے ذریعے اپنے بجلی کے بل کم کریں

	گھرانے	کاروبار
حالیہ سالانہ بچت	اپ گریڈ/اپ گریڈز پر منحصر، ایک اوسط گھرانے کو ایک سال کے بجلی کے خرچ میں $120 سے لے کر $1,100 کی بچت ہو سکتی ہے۔	آپ کے کاروبار کے سائز اور اپ گریڈ/اپ گریڈز پر منحصر، آپ کو ایک سال کے بجلی کے خرچ میں $500 سے لے کر $74,000 کی بچت ہو سکتی ہے۔

VEU پروگرام کے تحت آپ کے حقوق

VEU پروگرام کا ایک طرز عمل کا ضابطہ ہے جو صارفین کے تحفظ کی خاطر بعض کم از کم معیار طے کرتا ہے۔ یہ ضابطہ اپ گریڈز کی فراہمی یا مارکیٹنگ میں شامل سب لوگوں کے لیے لاگو ہوتا ہے۔

مارکیٹنگ کی سرگرمیاں

اگر ایک سندیافتہ پرووائیڈر یا اس کی نمائندگی میں کوئی تیسرا فریق آپ سے VEU پروگرام کے متعلق رابطہ کرے تو ضروری ہے کہ وہ:

- صرف اس صورت میں آپ کے لیے VEU پروگرام کے اپ گریڈز کی مارکیٹنگ/فروخت کرے کہ آپ کی عمر 18 سال سے زیادہ ہو اور آپ دی گئی معلومات کو سمجھنے کے قابل ہوں
- یہ بتائے کہ اس پروگرام میں شرکت آپ کی مرضی پر منحصر ہے اور شرکت آپ کے لیے لازمی نہیں ہے
- یہ بتائے کہ اسے آپ کا پتہ کیسے ملا اور وہ آپ کے گھر یا کاروبار میں کیوں آیا ہے
- یہ بتائے کہ وہ کس کاروبار کے لیے کام کر رہا ہے
- ہمیشہ شناختی کارڈ پہنے ہوئے ہو جس میں اس کی فوٹو، پورا نام، رابطہ تفصیلات، اے بی این اور مین کانٹریکٹر کی تفصیلات ہوں
- مصنوعات یا خدمات بیچنے کے لیے دباؤ ڈالنے والے ہتھکنڈے استعمال نہ کرے
- دی جانے والی مصنوعات یا خدمات اور ان کے مناسب ہونے کے متعلق درست معلومات فراہم کرے
- ایسی باتیں نہ کہے جو جھوٹ یا دھوکا دہی ہوں - اس میں ایسی باتیں شامل ہیں کہ وہ وکٹورین گورنمنٹ یا Essential Services Commission کے لیے کام کرتا ہے یا وکٹورین گورنمنٹ مارکیٹنگ کے مقاصد کے لیے کسی کی نجی رابطہ تفصیلات (جیسے فون نمبر) فراہم کرتی ہے۔

دستیاب مصنوعات یا سندیافتہ پرووائیڈر تلاش کرنے کے لیے

1310 9032 (03) پر VEU ہیلپ ڈیسک کو کال کریں

براہ مہربانی انرجی اپ گریڈ کے متعلق معلومات کے لیے 1 دبائیں۔ جب اس آپشن پر کال کنیکٹ ہونے کی آواز سنائی دے تو 0 دبائیں۔

کیا آپ بہرے ہیں یا آپ کو سننے یا بولنے کے مسائل ہیں؟

براہ مہربانی 677 133 پر کال کر کے یا www.relayservice.gov.au پر جا کر نیشنل ریلے سروس سے رابطہ کریں

VICTORIA State Government

Victorian Energy Upgrades

VEU پروگرام کے تحت آپ کے حقوق جاری ہے

کانٹریکٹس

اگر آپ کسی سندیافتہ پرووائیڈر یا اس کی نمائندگی کرنے والے تیسرے فریق کے ساتھ کام کر رہے ہیں تو ضروری ہے کہ وہ:

- صرف ایسے شخص کے ساتھ کانٹریکٹ کرے جس کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہو
- آپ کو یہ بتانا یقینی بنائے کہ کیا کام کیا جائے گا اور کام شروع ہونے سے پہلے آپ کو اس کی سمجھ آچکی ہو
- آپ کو VEU پروگرام کے تحت آپ کے حقوق اور فرائض کے متعلق معلومات نیز یہ معلومات دے کہ وہ کونسے اپ گریڈز کی پیشکش کر رہا ہے اور آپ کو کانٹریکٹ بھی فراہم کرے۔ کانٹریکٹ میں مصنوعات/سروس کی وضاحت، قیمت اور ممکنہ اضافی فیسیں، سونپا ہوا کام واپس لینے کے طریقے اور کولنگ آف پیریڈ (کانٹریکٹ منسوخ کرنے کے لیے مہلت) کی تفصیل شامل ہونی چاہیے۔
- کام شروع کرنے سے پہلے آپ کو بتائے کہ کیا کام کیا جائے گا اور یہ یقینی بنائے کہ آپ سمجھ گئے ہیں
- اگر آپ مصنوعات یا خدمات لینے کا فیصلہ کریں تو آپ کو بتائے کہ اپ گریڈ کا کام کون کر رہا ہے
- اپ گریڈ کا کام کرنے والے شخص یا کمپنی کا فون نمبر دے جس پر آپ اس سے رابطہ کر سکتے ہوں۔

کام کی انجام دہی

جب آپ سندیافتہ پرووائیڈر یا اس کی نمائندگی کرنے والے تیسرے فریق کے ساتھ کام کر رہے ہوں تو ضروری ہے کہ وہ:

- صرف تبھی کام شروع کرے جب آپ رضامندی دے چکے ہوں
- اگر اس نے آپ کو کام کی تفصیلات نہ بتائی ہوں تو کام شروع نہ کرے۔ اس میں مصنوعات لگانے یا خدمات کا وقت اور تاریخ، اور کام انجام دینے والے شخص کے متعلق معلومات شامل ہو سکتی ہیں جیسے اس کے سندیافتہ پرووائیڈر اور رابطے کی تفصیلات
- صرف 18 سال سے زیادہ عمر کے شخص سے بات کرے
- کام مکمل ہونے کے بعد آپ کو اپنی رابطے کی تفصیلات دے تاکہ ضرورت پڑنے پر آپ اس سے رابطہ کر سکیں
- آپ کو تنازعات کے حل کے متعلق معلومات اور لگائی جانے والی مصنوعات/خدمات کے متعلق ہدایات اور وارنٹی کی تفصیلات دے۔

کیا آپ VEU پروگرام کے متعلق ہم سے بات کرنا چاہتے ہیں؟

براہ مہربانی 1310 9032 (03) پر کال کریں یا ہمیں **veu@esc.vic.gov.au** پر ای میل کریں۔

بطور صارف اپنے حقوق کے سلسلے میں مدد کے لیے اور کہاں رابطہ کیا جا سکتا ہے؟

اگر آپ ٹیلی مارکیٹنگ کالز وصول نہیں کرنا چاہتے تو آپ **Do Not Call register** میں شامل ہو سکتے ہیں جو غیر مستثنی آسٹریلین یا سمندر پار ٹیلی مارکیٹرز کے لیے آپ سے رابطہ کرنا غیر قانونی بنا دیتا ہے۔ **/www.donotcall.gov.au** دیکھیں یا **1300 792 958** پر کال کریں۔

اگر آپ غلط یا گمراہ کن دعووں، ٹیلی مارکیٹنگ یا دروازے پر آنے والوں کے متعلق شکایت کرنا چاہتے ہیں تو کنزیومر افیئرز وکٹوریہ سے رابطہ کریں۔ **www.consumer.vic.gov.au/contact-us** دیکھیں یا **131 450** پر کال کریں۔